## وزیراعظم یوسف رضا گیلانی ملک کے موجودہ سنگین معاشی بحران کے پیش نظر کراچی کے صنعتکاروں اور تاجروں کوملاقات کافی الفوروقت دیں اورانکی تجاویز پرسنجیدگی سے غورکریں۔الطاف حسین

## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کی کراچی کے ممتازصنعتکاروں اورتاجروں سے ٹیلیفون پر بات چیت

لندن۔۔۔یکم جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے پرزورمطالبہ کیاہے کہ وہ ملک کے موجودہ سنگین معاشی بحران کے پیش نظرکراچی کے صنعتکاروں اورتاجروں کوملاقات کافی الفوروقت دیں اورانکی تجاویز پرسنجیدگی سے غورکریں۔انہوں نے یہ مطالبہ کراچی کے ممتازصنعتکاروں اورتاجروں سے ٹیلیفون پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرصنعتکاروں اورتاجروں نے جناب الطاف حسین کوملک کے تیزی سے سنگین ہوتے ہوئے معاشی بحران،ملک سے سرمایہ کی منتقلی،اسٹیٹ بینک کی جانب سے مارک اپ میں ڈیڑھ فیصد اضافے،اسٹاک مارکیٹوں کی سنگین صورتحال،لاءاینڈآرڈراوردیگرمسائل سے آگاہ کیا۔جناب الطاف حسین نے صنعتکاروں اورتاجروں کی جانب سے پیش کئے جانے والے مسائل کوہمدردی سے سنا۔انہوں نے کہاکہ ملک کا معاشی بحران دن بدن سنگین ہوتاجارہاہےجس کی وجہ سے عام آدمی ہی نہیں بلکہ ملک خصوصاً کراچی کے صنعتکاراورتاجربھی بہت زیادہ پریشانی کاشکار ہیں اورساتھ ہی وہ ملک کے مستقبل کے بارے میں بھی شدیدفکرمند ہیں۔انہوں نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیاکہ صنعتکاروں اورتاجروں کے وفدکوفوری ملاقات کاوقت دیاجائے تاکہ وہ ملک کومعاشی بحران سے نکالنے کیلئے اپنی تجاویزپیش کرسکیں۔جناب الطاف حسین نے کراچی کے مقامی تاجرمحمداسلم شیخ کےاغواءاور بہیمانہ قتل کے واقعہ کی شدیدمذمت کی اورحکومت سے مطالبہ کیاکہ واقعہ کافوری نوٹس لیاجائے اورقاتلوں کوگرفتارکیاجائے۔

## الطاف حسین کی شیخ رشیداحمدسےفون پرگفتگو،نئی سیاسی جماعت عوامی مسلم لیگ کے قیام پرمبارکبادپیش کی

## میری برسوں سےخواہش تھی کہ پنجاب سےکوئی سیلف میڈسیاسی ورکرنکلے،خوشی ہےکہ آپ آگےآئے۔الطاف حسین

## آپ سےمتاثرہوکرعوام کےحقوق کیلئےاپنی جماعت بنائی ہے،آپ کی دعائیں درکارہیں۔شیخ رشید

لندن۔۔۔یکم جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نےممتازسیاسی رہنماشیخ رشیداحمدکونئی سیاسی جماعت عوامی مسلم لیگ کے قیام پرمبارکبادپیش کی ہے۔آج شیخ رشیداحمدسےٹیلیفون پرگفتگوکرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہاکہ میری برسوں سے یہ خواہش تھی کہ پنجاب سےکوئی سیلف میڈسیاسی ورکرنکلے جوجاگیرداروں اوروڈیروں کے بجائےغریب ومتوسط طبقہ کےحقوق کی بات کرے اورمجھے خوشی ہے کہ آپ آگےآئے ہیں۔جناب الطاف حسین نےعوامی مسلم لیگ کے قیام پرشیخ رشیداوران کے تمام ساتھیوں کودلی مبارکبادپیش کی اوردعاکی کہ اللہ تعالیٰ آپ کوآپ کےمشن اورنیک مقصدمیں کامیاب کرے۔شیخ رشیدنے جناب الطاف حسین سےگفتگوکرتے ہوئے کہاکہ میں نےآپ سے متاثرہوکرعوام کےحقوق کیلئےاپنی جماعت بنائی ہےاورمجھےاس جدوجہدمیں آپ کی دعائیں درکارہیں۔جناب الطاف حسین نے شیخ رشیدسےکہاکہ میری دعائیں اورنیک تمنائیں آپ کےساتھ ہیں۔

## شیخ محمداسلم کےقاتلوں کوقانون کےمطابق سزادی جائے،الطاف حسین

## شیخ محمداسلم کےسوگوارلواحقین سےالطاف حسین کااظہارتعزیت

لندن۔۔۔یکم جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے مقامی جیولرشیخ محمداسلم کےاغواءاورقتل کی واردات پرگہرےدکھ اورافسوس کااظہارکیاہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے شیخ محمداسلم کےاغواءاورقتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئےحکومت سے مطالبہ کیاکہ شیخ محمداسلم کے قاتلوں کوقانون کےمطابق سخت ترین سزادی جائے۔جناب الطاف حسین نے شیخ محمداسلم کےسوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کااظہارکرتے ہوئے کہاکہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کےتمام کارکنان آپ کےغم میں برابرکےشریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعاکی کہ اللہ تعالیٰ شیخ محمداسلم کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائےاورسوگواران کوصبرجمیل عطاکرے۔(آمین)

## کراچی کے تاجر اسلم شیخ کے اغواء اور قتل میں ملوث عناصر کو قرار واقعی سزا دی جائے ، رابطہ کمیٹی
## شیخ محمد اسلم کا اغواء اور بہیمانہ قتل تاجر برادری کو ہراساں اور خوف زدہ کرنے کی گھناؤنی سازش ہے

کراچی ۔۔۔ یکم، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے معروف جیولر شیخ محمد اسلم کے اغواء اور قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ شیخ محمد اسلم کے قاتلوں کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دی جائے ۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شیخ محمد اسلم کا اغواء اور بہیمانہ قتل تاجر برادری کو ہراساں اور خوف زدہ کرنے کی گھناؤنی سازش ہے جس کا مقصد کراچی میں سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی کرنا ہے ۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جو عناصر اپنے گھناؤنے اور مذموم مقاصد کیلئے تاجر برادری کو ہراساں کرنا چاہتے ہیں وہ کراچی کی ترقی اور خوشحالی کے کھلے دشمن ہیں ۔ رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ شیخ محمد اسلم کے سفاک قاتلوں کو قانون کے مطابق سزا دی جائے اور تاجر برادری کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس، مثبت اور عملی اقدامات بروئے کار لائے جائیں ۔ رابطہ کمیٹی نے شیخ محمد اسلم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتول کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔ ( آمین )

## ایم کیوایم یو کے یونٹ کے ارکان نے انور عالم کی ٹیلی فون پر عیادت کی

لندن ۔۔۔ یکم، جون 2008ء

ایم کیوایم یو کے یونٹ کی آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش اور آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر ارکان نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم کی ٹیلی فون پر عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی ۔ انہوں نے انور عالم کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔ دریں اثناء ایم کیوایم یو کے یونٹ میں انور عالم کی صحت یابی کیلئے دعا کی گئی ۔ اس موقع پر ایم کیوایم یو کے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان اور یو کے یونٹ کے ذمہ داران اور کارکنان بھی بڑی تعداد میں موجود تھے ۔

## حق پرست قیادت کی کوششوں سے قیوم آباد سیکٹر B ایریا میں پانی کی قلت کا مسئلہ حل
## پانی کی فراہم کیلئے علاقہ میں ہنگامی بنیادوں پر پمپ کی تنصیب

کراچی ۔۔۔ یکم، جون 2008ء

حق پرست قیادت کی کاوشوں سے قیوم آباد سیکٹر B ایریا میں ہنگامی بنیادوں پر پمپ کی تنصیب کے ذریعہ پانی کی قلت کا مسئلہ حل کرلیا گیا ہے ۔ قیوم آباد سیکٹر B ایریا کے مکینوں کو پانی کی قلت کا سامنا تھا اور اس مسئلہ کے حل کیلئے حق پرست رکن سندھ اسمبلی علیم الرحمٰن اور حق پرست یوسی ناظم وقار حسین شاہ نے پانی کی فراہمی کیلئے پمپ کا افتتاح کیا جس کے بعد علاقے کے عوام کا دیرینہ مسئلہ حل ہونے میں مدد ملے گی ۔ دریں اثناء افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست نمائندوں نے کہا کہ حق پرست قیادت، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت کے مطابق بلاامتیاز و تفریق عوام کی عملی خدمت میں مصروف ہے ۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت عوامی مسائل کے حل کیلئے جس جذبے کا اظہار کررہی ہے اسے عوامی سطح پر بھی پذیرائی مل رہی ہے اور عوام اپنی آنکھوں خود دیکھ رہے ہیں کہ حق پرست نمائندے عوامی خدمت کے نعرے ہی نہیں لگاتے بلکہ عملی کام بھی کرتے ہیں ۔ انہوں نے پانی کی فراہمی کے پمپ کی تنصیب اور افتتاح پر علاقے کے عوام کو مبارکباد بھی پیش کی ۔

## سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے وفد کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات
## صوبائی خودمختاری کے حوالے سے منعقدہ سیمینار میں شرکت کا دعوت نامہ دیا

کراچی ۔۔۔ 31، مئی 2008ء

سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے سینئر نائب صدر سید غلام شاہ اور رکن ڈاکٹر مشتاق نے ہفتہ کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور رکن رابطہ کمیٹی اشفاق منگی سے ملاقات کی ۔ ملاقات میں سندھ سمیت ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔ وفد نے سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے زیراہتمام 7، جون کو ''صوبائی خودمختاری'' کے حوالے سے منعقدہ سیمینار میں شرکت کی دعوت دی اور اس سلسلے میں دعوت نامہ بھی پیش کیا ۔ اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ایوب شیخ، وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست اسپیشل اسٹنٹ غلام حیدر راہو اور ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج لونگ خان چنہ بھی موجود تھے ۔

☆☆☆☆☆